سوال

(433) سوموار اور جمعرات کے دن اعمال کی پیشی والی حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کراچی سے عبدالحمید لکھتے ہیں کہ سوموار اور جمعرات کے دن اعمال کی پیشی کے متعلق کوئی حدیث ہے اس کے متعلق تفصیل درکار ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سوموار اور جمعرات کے دن اللہ کے حضور اعمال پیش کیے جانے کا ذکر صحیح احادیث میں ملتا ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لوگوں کے اعمال ہر ہفتہ میں دو دفعہ یعنی سوموار اور جمعرات کے دن پیش کیے جاتے ہیں۔ (صحیح مسلم: کتاب البر یاب النھی عن الشحناء

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے تھے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان ایام میں اللہ کے حضور اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔ (مسند امام احمد: 5/200)

ترمذی کی روایت میں وضاحت ہے اس میں ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ روزے کی حالت میں میرے اعمال کی پیشی ہو۔ (کتاب الصوم) ترمذی کی روایت میں ایک راوی محمد بن رفا عہ ہے جس کی محدث ابن حبان کے علاوہ کسی دوسرے محدث نے توثیق نہیں کی ہے تاہم قرائن وشواہد کی وجہ سے یہ روایت درجہ حس ن کو پہنچ جاتی ہے امام ترمذی رحمة اللہ علیہ نے اسی وجہ سے اسے حسن غریب کہا ہے بہر حال سوموار اور جمعرات کے دن اعمال پیش ہونے کی روایت بالکل صحیح ہے یہ ہفتہ وار رپوٹ ہے جو اللہ کے حضور پیش کی جا تی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:444